© rasailojaraid.com



سر سید کی حیات اور کارناموں پر دوسری کتابوں سے جواب تک لکھی جا چکی ہیں بلکہ خود اُن کی اپنی تصنیفات سے پوری مدد لی گئی ہے اور ان کی دینی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے اور بتلایا گیا ہے کہ کس حد تک مسلمانانِ ہند ہر میدان میں پست، زبوں حال اور مائل بہ زوال تھے۔ اور کس طرح ہر طرف تباہی و بربادی کا بھیانک چہرہ نظر آرہا تھا۔ اس عالم یاس میں سر سیدؒ نے صورتِ حال کی اصلاح کا بیڑا اُٹھایا۔ کس طرح غیروں سے زیادہ اپنوں نے ان کی مخالفت کی۔ اور یہ بندۂ خدا اپنے عزم پر مضبوطی سے قائم رہا۔ اور مسلمانوں کی ذہنی، تعلیمی اور معاشرتی و اقتصادی اصلاح میں ہمہ تن معروف ہوگیا۔ تاکہ مسلمان دیرینہ غلط روایت پرستی اور اندھی تقلید سے آزاد ہو کر علم و اجتہاد کی روشنی میں ایک صالح معاشرہ قائم کریں۔ اور نئے علوم و فقہ سے بہرہ مند ہو کر ترقی کی دوڑ میں کسی سے پیچھے نہ رہیں۔ فاضل مصنف نے ان کے خطبات اور تہذیب الاخلاق کے مضامین سے جواب قدیم کتب خانوں کی زینت ہو کر رہ گئے ہیں کافی مواد اکٹھا کر کے اسے خوش اسلوبی سے مرتب کیا ہے اور سر سیدؒ نے تفسیر قرآن اور حدیث کا صحیح مقام متعین کرنے میں جو گرانقدر خدمات دینی انجام دی ہیں ان سے بالتفصیل بحث کی ہے۔ یہ کتاب بہر نوع دلچسپ اور قابلِ قدر ہے۔ قیمت آٹھ روپے۔

## اسلامک اسٹیٹ اینڈ سوسائٹی (انگریزی)

مصنفہ مظہر الدین صدیقی

اس کتاب میں مظہر الدین صدیقی صاحب نے آغازِ اسلام کے زمانہ سے لے کر آج تک کی مسلمانوں کی سیاسی، سماجی اور اقتصادی تنظیم و ترقی کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور اپنے اس مطالعہ کو بجز اُن واقعات و تحریکات کے جو تشکیل ریاست اور معاشرتی تبدیلیوں کا باعث ہوئی ہیں غیر ضروری تاریخی واقعات سے بوجھل نہیں ہونے دیا۔ ظہور اسلام سے پیشتر عرب ہی نہیں بلکہ دوسرے متمدن ممالک کے سیاسی و سماجی حالات کا تذکرہ کرتے ہوئے اسلام کے انقلاب آفریں پیغام و ہدایت اور اس کے اثرات سے خوش اسلوبی اور وضاحت سے بحث کی ہے۔ کتاب دلچسپ اور معلومات آفریں ہے۔ قیمت دس روپے

---

مندرجہ بالا کتابیں ملنے کا پتہ :-

## سکریٹری ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور

طابع و ناشر :- ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم مطبوعہ :- حمایت اسلام پریس لاہور مقام اشاعت :- ۲ کلب روڈ لاہور

© rasailojaraid.com